
www.saharaexpressdaily.com saharaexpressdelhi123@gmail.com saharaexpress123@gmail.com saharaexpressnews@gmail.com

Urdu Daily Published From Delhi,Patna&Ranchi




روزنامہ سہارا ایکسپریس دہلی

SAHARA EXPRESS,DELHI

No-1

TITLE APPLY Vol:01 Issue:184 11.07.2025 FRIDAY Re.02 Page:08

جلد نمبر:01 شمارہ:۱۸۴/جمعہ/۱۱/جولائی ۲۰۲۵/مطابق/۱۵/محرم الحرام/۱۴۴۷ھ/ صفحات:08

# بہار میں ووٹر لسٹ کی نظر ثانی پر عبوری روک نہیں، آدھار کارڈ کو شناختی دستاویز کے بطور منظور کرنے کی ہدایت

نئی دہلی، 10 جولائی (یو این آئی) سپریم کورٹ نے جمعرات کے روز بہار میں الیکشن کمیشن کی طرف سے ووٹر لسٹ پر خصوصی نظر ثانی کے خلاف دائر درخواستوں پر کوئی عبوری حکم امتناعی جاری نہیں کیا اور الیکشن کمیشن کو 21 جولائی تک جواب داخل کرنے کی ہدایت دی ساتھ ہی الیکشن کمیشن سے کہا کہ وہ آدھار کارڈ، راشن کارڈ اور تصویری ووٹر شناختی کارڈ کو ووٹروں کی شناخت ثابت کرنے کے لیے قابل قبول دستاویزات کی شکل میں منظور کرنے پر غور کرے۔ جسٹس سدھانشو دھولیا اور جسٹس جائمالیہ باگچی کی جز وقتی بنچ نے کانگریس اور کچھ رضا کار تنظیموں سمیت مختلف فریقوں کی طرف سے دائر درخواست پر یہ ہدایت دی۔ عدالت عظمیٰ نے معاملے کی اگلی سماعت کے لیے 28 جولائی کی تاریخ مقرر کی ہے اور الیکشن کمیشن کو اس سے ایک ہفتہ قبل حلف نامہ داخل کرنے کو کہا ہے۔ متعلقہ فریقوں کے دلائل کو تفصیل سے سننے کے بعد بنچ نے کہا کہ مقدمے کی سماعت ضروری ہے۔ اسے 28 جولائی کو مناسب بنچ کے سامنے درج فہرست کیا جائے۔ اس سے ایک ہفتہ پہلے یعنی 21 جولائی کو حلف نامہ داخل کیا جائے۔" سماعت کے دوران بنچ نے الیکشن کمیشن سے کہا کہ وہ آدھار کارڈ، راشن کارڈ اور ووٹر شناختی کارڈ کو قابل قبول دستاویزات کے بطور منظوری دینے پر غور کرے تاکہ بہار میں آنے والے اسمبلی انتخابات سے پہلے ووٹر لسٹ کی خصوصی نظر ثانی (ایس آئی آر) میں ووٹروں کی شناخت ثابت ہو سکے۔ تاہم، عدالت نے درخواست گزاروں کی جانب سے خصوصی نظر ثانی پر عبوری روک لگانے کے مطالبے پر کوئی عبوری حکم امتناعی نہیں دیا۔ تاہم، عدالت نے الیکشن کمیشن سے پوچھا کہ وہ شناخت ثابت کرنے کے دستاویز کے طور پر آدھار کو کیسے مسترد کر سکتا ہے۔ بنچ نے یہ بھی کہا کہ خصوصی نظر ثانی کی کارروائی کو مکمل کرنے کی مدت بہت کم ہے۔ جاری۔ یو این آئی۔ م ش۔




## کلکتہ ہائی کورٹ نے اوڈیشہ میں بنگالی مہاجر مزدوروں کی حراست پر تشویش کا اظہار کیا

کلکتہ، 10 جولائی (یو این آئی) کلکتہ ہائی کورٹ نے اوڈیشہ میں مغربی بنگال کے تارکین وطن مزدوروں کو مبینہ طور پر حراست میں لیے جانے پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ریاست کے چیف سکریٹری منوج پنت کو ہدایت دی ہے کہ وہ اس معاملے پر اوڈیشہ حکومت سے فوری جواب حاصل کریں۔ کلکتہ ہائی کورٹ کے جسٹس تپوبرت چکرورتی اور جسٹس ریتابرت کمار مترا پر مشتمل بنچ نے جمعرات کو اس معاملے پر کئی اہم سوالات اٹھائے۔ بینچ نے دریافت کیا کی ان تارکین وطن مزدوروں کو کیوں اور کس بنیاد پر حراست میں لیا گیا، کیا اس سلسلے میں کوئی ایف آئی آر درج کی گئی ہے، حراست میں لینے کے بعد ان کے ساتھ کیا کارروائی کی گئی اور فی الوقت ان مزدوروں کو کہاں رکھا گیا ہے؟ عدالت نے چیف سکریٹری کو ہدایت دی کہ وہ اس معاملہ سے اوڈیشہ کے اپنے ہم منصب کو آگاہ کریں۔ عدالت نے کہا کہ وہ جواب کا جائزہ لینے کے بعد مزید کارروائی طے کرے گی۔ بینچ نے یہ بھی ہدایت دی کہ اوڈیشہ حکومت سے رابطے اور کارروائی کے لیے سکریٹری سطح سے نیچے کے ایک سینئر افسر کو اس کام پر مامور کیا جائے۔ اس معاملے کی اگلی سماعت پیر کے دن ہوگی۔ قابل ذکر ہے کہ اوڈیشہ میں بنگالی زبان بولنے والے تارکین وطن مزدوروں کے مبینہ استحصال کے معاملے پر بڑھتے سیاسی تنازع کے بعد یہ عدالتی مداخلت کی گئی ہے۔ بدھ کو کرشنانگر سے ترنمول کانگریس کی رکن پارلیمنٹ مہوا موئترا نے اوڈیشہ پولیس پر الزام لگایا تھا کہ پولیس نے نادیہ ضلع میں ان کے حلقہ انتخاب سے تعلق رکھنے والے 23 مزدوروں کو حراست میں لیا ہے۔









